RBH

ALL TOGETHER BETTER LIVING

سیلن، انجماد، اور پھپھوند

rbh.repairs@rbh.org.uk   0800 027 7769   www.rbh.org.uk

سیلن اور پھپھوند کی وجوہات۔

سیلن اور پھپھوند کئی وجوہات سے ہو سکتی ہیں۔

انجماد غالبا پھپھوند کے بڑھنے کی سب سے بڑی وجہ ہے، لیکن یہ درج ذیل کی وجہ سے بھی ہو سکتا ہے:

زمین سے اٹھنے والا پانی، جسے 'اٹھتی ہوئی سیلن' کے نام سے جانا جاتا ہے، یہ صرف گراؤنڈ فلور کے کمروں میں ہو سکتی ہے۔

آپ کے گھر کے باہر سے پانی کا آنا – جسے 'سرایت کرنے والی سیلن' کے نام سے جانا جاتا ہے۔

پلمبنگ جس کی مرمت کی ضرورت ہے، جیسے باتھ، شاور، یا سنک کے ارد گرد ٹوٹی ہوئی سیلیں۔

ہو سکتا ہے کہ یہ واضح ہو یا نہ ہو کہ آپ کے گھر میں سیلن یا پھپھوند کیوں ہے – بہر صورت برائے مہربانی ہمیں مطلع کریں تاکہ ہم پوری طرح تفتیش کر سکیں۔

آپ کے گھر میں سیلن اور پھپھوند ہے؟

اگر آپ کو اپنے گھر میں سیلن، انجماد یا پھپھوند سے متعلق کوئی تشویش ہے تو برائے مہربانی ہم سے رابطہ کریں تاکہ ہم ان مسائل کو حل کرنے کے طریقے تلاش کرنے کے لیے مل کر کام کر سکیں جن کا آپ سامنا کر رہے ہیں۔

فری فون: 7769 027 0800

ای میل: rbh.repairs@rbh.org.uk

آپ **MyRBH** کے واسطہ سے مرمت کے کام کی آن لائن بکنگ بھی کر سکتے ہیں
اپریل 2023 سے آپ کو سیلن اور پھپھوند کی کوئی بھی تصویر اور ویڈیو اپ لوڈ کرنے کا موقع حاصل ہوگا تاکہ کسی بھی ایسے مسئلہ کو سمجھنے میں ہمیں مدد مل سکے جو آپ کو در پیش ہے۔

ہماری خواہش ہے کہ ہمارے کرایہ داران کو کبھی شکایت کا موقع نہ ملے۔ تاہم، جب کبھی کبھار ایسے مسائل پیش آ ہی جائیں تو ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے کرایہ داران ہمیں مطلع کریں۔ آپ کوئی بھی تاثر پیش کرنے کے لیے ہم سے مندرجہ بالا طریقوں سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

ہم جانتے ہیں کہ ہر کوئی وہ تمام کام نہیں کر سکتا جو اس کتابچہ میں درج کیے گئے ہیں - جس کی متعدد وجوہات ہو سکتی ہیں۔ آپ کی ہر کارروائی سے مدد ملے گی – لیکن اختیارات کے بارے میں بات کرنے کے لیے برائے مہربانی جلد از جلد رابطہ کریں۔ مثال کے طور پر، ہماری منی ایڈوائس سروس آپ کے توانائی کے بلوں کے ضمن میں مدد حاصل کرنے کے لیے آپ کا تعاون کر سکتی ہے۔

ہم کیا کریں گے

آپ کے مسائل کو حل کرنے کے لیے ہم جو اقدامات کر سکیں گے ان میں شامل ہیں:

آپ کے معاملات کو سننا اور انہیں سنجیدگی سے لینا۔

یہ معلوم کرنے کے لیے کہ کون سا کام مطلوب ہے آپ کے گھر کا جائزہ لینے کے لیے آنا۔

اگر ضرورت ہو تو کسی بھی ڈھانچہ جاتی یا پلمبنگ کے مسائل کو ٹھیک کرنے کے لیے مرمت کے کام مکمل کرنا۔

اگر ضرورت ہو تو آپ کے گھر کے اندر وینٹیلیشن میں اصلاحات کرنا (مثال کے طور پر آپ کے کچن اور باتھ روم میں اکسٹریکٹر فین لگانا)۔

اگر ضرورت ہو تو پھپھوند کے مسئلہ کا حل نکالنا۔

یہ معلوم کرنے کے لیے 6، 12 اور 18 مہینے کے بعد آپ سے رابطہ کرنا کہ مسائل حل ہو گئے ہیں اور پھپھوند دوبارہ نہیں ہوئی ہے۔

کس چیز سے مدد مل سکتی ہے

انجماد ہونے کی روک تھام میں مدد کے لیے تجاویز:

ہوا سے نمی کو ختم کرنے کے لیے کھڑکیاں یا ٹریکل وینٹس کھولنا (عام طور پر صبح میں جب آپ بیدار ہوتے ہیں اور کھانا پکاتے یا نہاتے وقت پورے دن)۔

اضافی انجماد کو ختم کرنے کے لیے کھڑکیوں اور لکڑی کے تختوں کو پونچھنا۔

کپڑوں کو یا تو باہر یا پھر اکسٹریکٹر فین چالو کر کے یا کھڑکی کھول کر اپنے باتھ روم میں خشک کرنا۔



گھر کو گرم رکھنا (عام طور پر 18°C)۔

کھانا پکاتے وقت پین کو ڈھک کر رکھنا۔

پیرافن یا بوتل بند گیس ہیٹرز استعمال کرنے سے گریز کرنا۔

یاد رکھیں - زیادہ انجماد سیاہ پھپھوند کی بنیادی وجہ ہے۔ پھپھوند آپ کی صحت کے لیے نقصان دہ ہے۔ اسی لیے ہم سے فوراً رابطہ کرنا اہم ہے تاکہ ہم ان مسائل کو حل کرنے کے طریقے تلاش کرنے کے لیے مل کر کام کر سکیں جن کا آپ سامنا کر رہے ہیں۔ آپ
rbh.repairs@rbh.org.uk پر ای میل کر سکتے ہیں، فری فون
0800 027 7769 پر کال کر سکتے ہیں یا **MyRBH** کے واسطہ سے مرمت کے کام کی آن لائن بکنگ کر سکتے ہیں۔

اس معلومات کا ترجمہ کرنے کے لیے، براہ کرم **0800 027 7769** پر کال کریں یا **customer@rbh.org.uk.** پر ای میل کریں۔

To translate this information, please call **0800 027 7769** or email **customer@rbh.org.uk**.

Para traduzir estas informações, ligue para o número **0800 027 7769** ou envie um email para **customer@rbh.org.uk**.

برای ترجمه این اطلاعات، لطفاً با شماره **0800 027 7769** تماس بگیرید یا به **customer@rbh.org.uk.** ایمیل بزنید.

Aby przetłumaczyć tę informację, prosimy o kontakt na **0800 027 7769** lub poprzez e-mail **customer@rbh.org.uk**.

اگر آپ اس کتابچہ میں فراہم کردہ معلومات تک آن لائن رسائی حاصل کرنے کو ترجیح دیں تو فراہم کردہ QR کوڈ کو استعمال کرنے میں تردد محسوس نہ کریں۔